ilmkidunya
علم کی دنیا

Sociology - FA Part 1 Sociology Chapter 3 Short Questions Preparation

Q1. پیرول سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایسے مجرم جو خاص دفعات یا خاص جرائم سے تعلق رکھتے ہوں ان کا جرم بھی سنگین نہ ہو اور اپنی سزا کا ایک تہائی حصہ بھی جیل میں گزار چکے ہوں،انہیں اچھے اخلاق والے قیدیوں کے ایکٹ کے تحت جیلوں سے نکال لیا جاتا ہے.

Q2. ماہر عمرانیات کا تعلیم و تحقیق میں کیا کردار ہے؟

Ans 1: تعلیم کے میدان میں عمرانیات کے ماہر ہیں،بطور استاد کے کالجوں اور یونیورسٹیوں میں فرائض سر انجام دے رہے ہیں،اس کے علاوہ تحقیق کے اداروں میں‌عمرانیات کے ماہر موجود ہیں،یہ تحقیقات تعلیم،آبادی کی منصوبہ بندی،شہر کی منصوبہ بندی،جرائم کی روک تھام.حادثات وغیرہ پر کی جاتی ہے.

Q3. صحت کے شعبہ میں ماہر عمرانیات کے وظائف یا عمرانیات کا اطلاق تحریر کریں-

Ans 1: 1- مریضوں کا نفسیاتی علاج و کونسلنگ 2- مریضوں کی معاشرتی و ثقافتی زندگی کا مطالعہ 3- بیماریوں کی معاشرتی وجوہات جاننا 4- ہسپتالوں میں مفت ادویات کی فراہمی بذریعہ میڈیکل سوشل آفیسر

Q4. پیرول آفیسر کہاں کام کرتا ہے؟

Ans 1: ایسے مجرم جو خاص دفعات یا خاص جرائم سے تعلق رکھتے ہوں ان کا جرم بھی سنگین یہ ہو اور ایک سزا اک ایک تہائی حصہ جیل میں گزار چکے ہیں،انہیں اچھے اخلاق والے قیدیوں کے ایکٹ کے تحت جیلوں سے نکال دیا جاتا ہے اور باقی دو تہائی سزا کے جیل سے باہر ان کی دلچسبی کے کاموں میں ملازم کرادیا جاتا ہے،عمرانیات کے ماہر اس سارے مرحلے کی نگرانی کرتے ہیں جنہیں پیرول آفیسر کہا جاتا ہے.

Q5. پنجاب میں بولے جانے والی مقامی زبانوں کے نام لکھیں.

Ans 1: 1.سرائیکی 3.پنجابی 2.اردو

Q6. زراعت کے شعبے میں ماہرین عمرانیات کا کردار بیان کریں.

Ans 1: ماہر عمرانیات فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے لیے کام کرتے ہیں.وہ لوگوں کو زیادہ پیداوار کے حصول کے لیے ابھارتے ہی اور ان کی زرعی و تکنیکی معاونت کرتے ہیں.

Q7. جرائم کی روک تھام میں ماہر عمرانیات کا کرادر لکھیں.

Ans 1: جرائم کی روک تھام میں ماہرین عمرانیات کا کردار بہت اہم ہے 1.پیرول 2.پروبیشن

Q8. سماجی بہبود کے اداروں میں ماہر عمرانیات کے کردار کے حوالے سے روشنی ڈالیں-

Ans 1: سماجی بہبود کے بڑے بڑے اداروں میں عمرانیات کے ماہرین بطور سوشل ویلفئیر آفیسر کررہے ہیں جس میں تعلیم بالغاں، دارالمطالعہ کا قیام، کھیلوں کے مقابلے

-یتیم خانوں کی دیکھ بھال ، چلڈرن ایسوسی ایشن کا قیام وغیرہ شامل ہیں

Q9. بہبودآبادی پروگرام میں عمرانیات کا کراد بیان کریں.

Ans 1: سماجی بہبود کے بڑے بڑے اداروں میں عمرانیات کے بے شمار ماہرین بطور سوشل ویلفئر آفیسے کے کام کر رہے ہیں جس میں تعلیم بالغاں ،دارلمطالعہ کا قیام،کیھلوں کے مقابلے، نوجوانوں میں یوتھ کلب کا قیام،یتیم خانوں کی دیکھ بھال،اربن کمیونٹی ڈیولپمنیٹ پروگرام. جنگ کے دنوں میں عوام کے عطیات جمع کر کے جنگی محاذ تک پہنچانا وغیرہ جیسے کام شامل ہیں.

Q10. تجارت میں عمرانیات کا کیا کرادار ہے؟

Ans 1: تجارت و کاروبار کو فروغ دینے کے لیے عمرانی علم کوبروئے کا لایا جاتا ہے.بڑی بڑی تجارتی کمپنیاں اور بڑے بڑے کارخانے اپنی مصنوعات کو فروغ دینے کے لیے عمرانیات کے ماہرین کی خدمات حاصل کرتی ہیں.